وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

قانون کی حکمرانی اور گڈ گورننس کے قیام میں محتسب اداروں کا کردار بنیادی ستون ہے۔ وفاقی محتسب
اچھی طرز حکمرانی کو فروغ دینے میں قانون کی حاکمیت کو مرکزی حیثیت حاصل ہے۔ اعجاز احمد قریشی
وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کا بین الاقوامی محتسب انسٹی ٹیوٹ کی کانفرنس سے خطاب

اسلام آباد(   )وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ قانون کی حکمرانی، گڈ گورننس اور انصاف کے قیام میں محتسب کے اداروں کا کردار بنیادی ستون کی حیثیت رکھتا ہے۔ وہ گزشتہ روز محتسب اداروں کے ذریعے قانون کی حکمرانی کو مضبوط بنانے کے موضوع پر ایک بین الاقوامی کانفرنس سے خطاب کرر ہے تھے۔ یہ کانفرنس محتسب پنجاب اور آئی او آئی کی نائب صدر عائشہ حامد کی میزبانی میں بین الاقوامی محتسب انسٹی ٹیوٹ (IOI) کے زیر اہتمام منعقد ہو رہی ہے۔ آئی او آئی محتسبین اور ثالثی اداروں کی 200 رکنی مضبوط عالمی تنظیم ہے۔ کانفرنس میں آذر بائیجان، بحرین، انڈونیشیا، جاپان، کرغزستان، مکاؤ (چین)، فلپائن، تیمور لیسٹے اور پاکستان میں محتسب اداروں کے سربراہان سمیت بین الاقوامی شرکاء کی بڑی تعداد شرکت کر رہی ہے۔ وفاقی محتسب نے کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ محتسب اداروں کے کاموں میں ریاستی اداروں کو مزید متحرک، موثر اور عام لوگوں کے فائدے کے لیے ان کی خدمات کو بہتر بنانا شامل ہے، انہوں نے کہا کہ محتسب کے ادارے مساوات، عوام کی خدمت اور انصاف کو فروغ دینے میں اپنا بھر پور کردار ادا کرر ہے ہیں۔ اعجاز احمد قریشی نے کہا کہ وفاقی محتسب کا ادارہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی متعلقہ قراردادوں میں بیان کردہ بنیادی نکات کے مطابق انسانی حقوق کے تحفظ اور آزادی، گڈ گورننس اور قانون کی حکمرانی کے فروغ میں اپنا کردار ادا کر رہا ہے۔ وفاقی محتسب نے مزید کہا کہ بدانتظامی سے نمٹنے نیز کارکردگی، نظم وضبط، خدمات کی فراہمی کے معیار کو فروغ دینے اور معاشرے میں قانون کی حکمرانی کو مضبوط بنانے میں محتسب اداروں کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ اعجاز احمد قریشی نے وفاقی محتسب کے مختلف اقدامات کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا کہ ادارے کی جانب سے بدانتظامی سے متعلق از خود نوٹسز مختلف سرکاری اداروں کی کارکردگی میں بہتری لانے میں کافی مددگار ثابت ہوئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ وفاقی محتسب کے مختلف اقدامات بشمول دور دراز کے علاقوں میں کھلی کچہریوں کا انعقاد اور معائنہ ٹیموں کے ذریعے ایسے سرکاری اداروں کے دورے جن کے خلاف زیادہ شکایات آتی ہیں، شفافیت اور احتساب کو فروغ دینے میں بہت موثر ثابت ہوئے ہیں نیز اسی طرح کے دیگر اقدامات سے بھی قانون کی حکمرانی کو مضبوط بنایا جا رہا ہے۔ (IOI) کانفرنس سے بین الاقوامی مقررین کے علاوہ، صوبائی محتسب پنجاب عائشہ حامد، وفاقی انشورنس محتسب، وفاقی ٹیکس محتسب اور وفاقی محتسب برائے انسداد ہراسیت نے بھی خطاب کیا۔

(خالد سیال)
کنسلٹنٹ (میڈیا)
03335333266

08 اکتوبر 2025ء